# نماز میں تکبیراتِ انتقالات کہنے کا سنت طریقہ

**مجیب:** مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-1927

**تاریخ اجراء:** 13 ربیع الاوّل 1446ھ / 18 ستمبر 2024ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

نماز میں تکبیراتِ انتقالات کہنے کا طریقہ کیا ہونا چاہیے؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

تکبیرات انتقالات کا سنت طریقہ یہ ہے کہ ایک رکن سے دوسرے رکن کو جانے کی ابتداء کے ساتھ اللہ اکبر کا الف شروع ہو اور رکن میں پہنچنے پر اکبر کی راء ختم ہو لہٰذا اگر کسی نے رکوع میں جاکر تکبیر کہی تو اس نے خلاف سنت فعل کیا اور اس سے نماز مکروہ تنزیہی ہوتی ہے۔

فتاویٰ رضویہ میں سوال ہوا: "ایک پیش امام صاحب نماز کی حالت میں جب رکوع سے فارغ ہو کر سمع اللہ لمن حمدہ کو سجدہ کے قریب جاکر ختم کرکے بوصل اللہ اکبر کہتا ہے اور جگہ جو اماموں کو دیکھا ہے وہ سمع اللہ لمن حمدہ کو قیام میں ختم کرتے ہیں اور وہاں سے اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدہ کرتے ہیں۔ اب جو امام سجدہ کے قریب سمع اللہ لمن حمدہ کو ختم کرتا ہے تو مقتدی ربنا لک الحمد کہاں پر کہیں، کھڑے رہیں یا امام کے ساتھ سجدے میں جاکر کہیں، اگر اسی طرح کریں گے تو ان جاہلوں کو عادت پڑ جائے گی، اور اب سوال یہ ہے کہ نماز میں کوئی نقصان نہیں ہوگا؟

اس کا جواب دیتے ہوئے امامِ اہلسنت شاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "سنّت یہ ہے کہ سمع اللہ کا سین رکوع سے سر اُٹھانے کے ساتھ کہیں اور حمدہ کی "ہ" سیدھا ہونے کے ساتھ ختم، **اسی طرح ہر تکبیرِ انتقال میں حکم ہے کہ ایک فعل سے دوسرے فعل کو جانے کی ابتداء کے ساتھ اللہ اکبر کا الف شروع ہو اور ختم کے ساتھ ختم ہو**، امام مذکور جو اس طرح کرتا ہے دو باتیں خلافِ سنت کرتا ہے۔ سمع اللہ لمن حمدہ کا سجدہ کو جاتے ہوئے ختم

کرنااور سجدہ کو جانے کی تکبیر سجدہ کو جھکنے کی ابتداء سے شروع نہ کرنا، ان وجوہ سے نماز دو کراہتوں سے مکروہ ہوتی ہے، اسے سمجھایا جائے کہ خلافِ سنّت نہ کرے۔" (فتاوی رضویہ، جلد6، صفحہ 187۔188، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net